تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October 18, 2024

پریس ریلیز

شعبہ نفسیات،جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ویجیلینس ویک اہتمام سے مناگیا

شعبہ نفسیات،جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انڈین آئل کارپوریشن لمیٹیڈ(آئی او سی ایل) کے اشتراک سے ویجیلینس ویک کے اختتام کو اہتمام سے منایا۔اس کے انعقاد کا مقصد طلبا میں روزمرہ کی زندگی میں ایمانداری اور دیانت داری کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر طلبا کے لیے نعرہ سازی، اشتہار سازی اور تقریری مسابقہ جیسے پروگراموں کا انعقاد کیاگیا جس میں پوری یونیورسٹی سے بڑی تعداد میں طلبانے شرکت کی۔

اختتامی پروگرام میں جناب آر سی داس، چیف جنرل منیجر،ویجیلنس آئی او سی ایل کے اعلی عہدیداروں کے ساتھ ساتھ پروفیسر مسلم خان، ڈین،فیکلٹی آف سوشل سائنسز اور صدر شعبہ پروفیسر شیما علیم نے روز مرہ کی زندگی میں دیانت داری کی اہمیت پر زور دیا اور ملک کی خوشحالی و بہبود کے لیے دیانت داری و ایمانداری کی تہذیب کو فروغ دینے کی نصیحت کی۔جناب آر سی داس نے فیکلٹی اراکین اور طلبا کو دیانت داری اور ایمانداری کا حلف دلایا۔انھوں نے ایکزیکیٹیو ڈائریکٹر ویجیلینس،آئی او سی ایل جناب راجیو کچر کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا اور پروگرام کے انعقاد کے لیے شعبے کو مبارک باد دینے کے ساتھ اس میں طلبا کی شرکت کو سراہا۔مختلف مقابلوں کے فاتحین میں ابھیشیک شرما، سینئر منیجر،ہیومن ریسورسز،آئی او سی ایل،وکرانت کے سنگھ،سینئر منیجر ویجیلینس،آئی او سی ایل،جناب سنجیو کمار،ڈی جی ایم،ایچ آر آئی او سی ایل مندوبین انعامات تقسیم کیے۔

ڈاکٹر مینا اوسمنے،ایسو سی ایٹ پروفیسر اور مشیر،سبجیکٹ ایسو سی ایشن نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی